ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ گڈاپ کیمپ آفس میں مختلف اسپورٹس کلبوں میں کٹس تقسیم کررہے ہیں اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، اعلیٰ افسران اور کونسل ممبر بھی موجود ہیں۔

پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سر بلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 05/01/2024

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0026/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ کھیل صحت مند زندگی کے حصول کے لیے نہایت ضروری ہے کھیل صرف تفریح کا ذریعہ ہی نہیں بلکہ جسم کو چاق و چوبند اور صحت مند بناتا ہے گڈاپ ٹاؤن کے نوجوان موجودہ وقت میں اپنا قائدانہ صلاحیتوں سے ملک کی تعمیر و ترقی میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں بشرط ہے کہ ان کو مناسب مواقع فراہم کیے جائیں گڈاپ ٹاؤن اپنی حدود میں مختلف اسپورٹس ایونٹ کی سرپرستی کر رہا ہے جس میں مزید اضافہ ہماری ترجیحات کا حصہ ہے میری کوشش ہے کہ گڈاپ ٹاؤن کے نوجوانوں کو اسپورٹس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینا چاہیے گڈاپ ٹاؤن نے ہمیشہ اپنے علاقائی مسائل کو احسن طریقے سے حل کیا ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے گڈاپ ٹاؤن کے آفس میں مختلف اسپورٹس کرکٹ ٹیموں کو مکمل کرکٹ کٹس تقسیم کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر میونسپل کمشنر احمد یار، افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر ایچ آر ایم حاجی شریف شیخ، انچارج اینٹی انکروچمنٹ سیل سہیل یار خان، ڈائریکٹر انفارمیشن رضوان صابر، پارلمارنی لیڈر میر عباس ٹالپور، ممبر محمد رفیق جوکھیو، ممبر دانش برفت، ممبر امن دین جوکھیو، ممبر علی محمد گبول، ممبر عبدالستار جوکھیو، ممبر سنی مسیح، ڈپٹی ڈائریکٹر اسپورٹس اینڈ کلچر اصغر بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکس طاہر بلوچ، پی ایس چیئرمین لال جان نبی و دیگر موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM TMC GADAP TMC GADAP WWW.TMCGADAP.GOS.PK